16.03.2025

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... کلیم احمد

-------------------------------

Music

☆ نیوزی لینڈ کے وزیراعظم Christopher Luxon بھارت کے پانچ دن کے دورے پر آج سہ پہر نئی دلّی پہنچ رہے ہیں۔ وہ کل نئی دلّی میں شروع ہونے والے دسویں رائے سینا مذاکرات 2025 کے افتتاحی اجلاس میں مہمانِ خصوصی ہوں گے۔

☆ ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارت بہت جلد Hyperloop ٹرانسپورٹیشن کیلئے تیار ہو جائے گا کیونکہ اب تک کئے گئے ٹسٹ سے امید افزا نتیجے برآمد ہوئے ہیں۔

☆ ناسا اور جاپان ایرو اسپیس ایکسپلوریشن ایجنسی کے خلاء باز کامیاب Docking کے بعد بین الاقوامی خلائی اسٹیشن میں داخل ہوگئے ہیں۔ وہ وہاں پھنسے ہوئے خلا باز سنیتا ویلس اور Butch Wilmore کو واپس لائیں گے۔

☆ بلوچستان کے Noshki میں بلوچ لبریشن آرمی کے ایک حملے میں کم سے کم 12 فوجی ہلاک ہو گئے ہیں۔

☆ پرسار بھارتی کو ملک بھر میں ہاکی مقابلوں کی نشریات کو فروغ دینے کیلئے ہاکی انڈیا Jaman Lal شرما ایوارڈ 2024 سے نوازا گیا ہے۔

☆ اُڑیا ادب کے معروف شاعر رما کانت رتھ کا بھوبنیشور میں 91 سال کی عمر میں انتقال ہو گیا ہے۔

-------------------------------

## Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

### New Zealand PM Visit

نیوزی لینڈ کے وزیر اعظم Christopher Luxon بھارت کے پانچ دن کے دورے پر آج سہ پہر نئی دلّی پہنچ رہے ہیں۔ اُن کے ہمراہ اعلیٰ سطح کا ایک وفد بھی ہے، جس میں وزراء، سینئر عہدیداران، سرکردہ کاروباری افراد، میڈیا اور وہاں مقیم بھارت نژاد برادری کے افراد شامل ہیں۔ وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کل نیوزی لینڈ کے اپنے ہم منصب کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ جناب Luxon مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے 10 ویں رائے سینا مذاکرات 2025 کے افتتاحی اجلاس میں شرکت کریں گے اور کلیدی خطبہ بھی دیں گے۔ وہ راشٹرپتی بھون جاکر صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات بھی کریں گے۔x

### Vaishnav - Hyperloop

ریلویز، اطلاعاتی ٹیکنالوجی اور اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ IIT چنئی کے مقام پر 410 میٹر طویل Hyperloop ٹسٹ ٹیوب، ایشیا میں سب سے طویل Hyperloop ٹسٹ سہولت ہے اور یہ جلد ہی دنیا کی طویل ترین ٹسٹ سہولت بن جائے گا۔ وزیر موصوف نے کل IIT مدراس ڈسکوری کیمپس میں Hyperloop ٹسٹنگ مرکز کے اپنے دورے کے دوران بذاتِ خود اس کا مشاہدہ کیا اور سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو پوسٹ کرکے یہ اطلاع دی۔x

### Mandaviya - Sundays on Cycle

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے آج صبح احمد آباد میں سابرمتی River Front میں ”Fit India - Sundays on Cycle“ مہم میں حصہ لیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، ڈاکٹر مانڈویا نے کہا کہ سائیکل

چلانے سے وِکست بھارت کے وزیر اعظم نریندر مودی کے عزم کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔ وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ سائیکل چلانا موٹاپے کو روکنے کا ایک موثر طریقہ ہے اور اِس سے Fit رہنے کیلئے لوگوں میں بیداری بھی پیدا ہو گی۔

*SB - 1400 - Mansukh Mandaviya Fit India*

"Fit India - Sundays on Cycle" کا اہتمام نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزارت، بھارت کی Cycling فیڈریشن اور میرا یووا بھارت کے اشتراک سے کرتی ہے۔x

Uttarakhand - MAA Purnagiri Fair

معروف Maa Purnagiri میلہ، اتراکھنڈ کے Champawat ضلعے میں Tanakpur کے مقام پر انتہائی جوش و خروش کے ساتھ شروع ہو گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے کل میلے کا افتتاح کیا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...

*VC - Sakshi Singh*

*وزیر اعلیٰ نے Thooligad میں ایک اسمارٹ کنٹرول روم اور ایک CCTV نگرانی نظام کے قیام کا اعلان کیا۔ اِس کے علاوہ، Selagad میں ایک کثیر مقصدی ایڈمنسٹریٹیو بلڈنگ تعمیر کی جائے گی تاکہ میلے کے مجسٹریٹ، عہدیداران، پولیس اور میڈیکل اسٹاف میں تال میل پیدا کیا جا سکے۔ عقیدتمندوں کو سہولتیں فراہم کرنے کی غرض سے، انہوں نے Ladigad اور Thooligad-Babligad میں پینے کے پانی کے پروجیکٹوں کا بھی اعلان کیا۔ وزیر اعلیٰ دھامی نے اِس بات پر زور دیا کہ ریاستی سرکار Maa Purnagiri دھام کو ایک اہم روحانی اور سیاحتی مرکز بنانے کی مسلسل کوششیں کر رہی ہے۔*

*دہرہ دون سے ساکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں رضی احمد۔*

## Space - X - Crew 10 Mission

ناسا کے خلاباز Anne McClain اور Nichole Ayers جاپان ایرو اسپیس ایکس پلوریشن ایجنسی کے خلاء باز Takuya Onishi اور Roscosmos کے خلاباز Kirill Peskov کے ساتھ بین الا قوامی خلائی اسٹیشن ISS میں داخل ہو گئے ہیں۔ انہیں مہم 72 کے عملے کے افراد نے خوش آمدید کہا، جن میں ناسا کی خلاباز بھارتی امریکن سنیتا ولیمز، Nick Hague، Don Petitt اور Butch Wilmore شامل ہیں۔ اس سے پہلے SpaceX Dragon خلائی جہاز، جسے جمعہ کو ٹیکساس سے لانچ کیا گیا تھا، بھارتی وقت کے مطابق 9 بجکر 35 منٹ پر ISS پر پہنچا۔

اس مشن کے ساتھ، سنیتا ولیمز اور Butch Wilmore زمین سے محض ایک قدم کے فاصلے پر ہیں اور وہ نو مہینے تک مدار میں رہنے کے بعد جلد ہی واپس گھر لوٹنے والے ہیں۔ x

## ASEAN - Deffence Meet

آسیان کے وزرائے دفاع کی چودھویں میٹنگ کے ساتھ-ساتھ انسدادِ دہشت گردی سے متعلق ایکسپرٹس ورکنگ گروپ EWG- کی میٹنگ 19 اور 20 مارچ کو نئی دلّی میں ہو گی۔ بھارت اور ملیشیا اس دو روزہ میٹنگ کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔ سال 2024 سے 2027 تک کی جاری مدت کیلئے انسدادِ دہشت گردی سے متعلق EWG کیلئے، منصوبہ بند سر گرمیوں کیلئے یہ پہلی میٹنگ ہو گی۔ اس میٹنگ کے دوران، دہشت گردی اور انتہاپسندی کے ابھرتے خطروں سے نمٹنے کی غرض سے ایک مستحکم اور جامع حکمت عملی وضع کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ اس میٹنگ کا مقصد، آسیان کی دفاعی فورسز اور اس کے مذاکراتی ساجھیداروں کے انسدادِ دہشت گردی کی کارروائیوں کے تجربات سے ایک دوسرے کو واقف کرانا ہے۔

اس میٹنگ میں برونئی، کمبوڈیا، انڈونیشیا، Lao PDR، ملیشیا، میانمار، فلپینس، ویتنام، سنگاپور اور تھائی لینڈ سمیت 10 آسیان ملک اور آسٹریلیا، نیوزیلینڈ، عوامی جمہوریہ کوریا، جاپان، چین، امریکہ اور روس کے 8 مذاکراتی ساجھیدار شرکت کریں گے۔

دفاع کے سکریٹری راجیش کمار سنگھ، میٹنگ کی افتتاحی تقریب سے کلیدی خطاب کریں گے۔ ×

## Pakistan Army Attacked

پاکستان میں فرنٹیئر Constabulary ایف سی کے فوجیوں کو لے جانے والی ایک بس پر کی گئی زبردست گولی باری میں کم از کم 12 پاکستانی فوجی ہلاک اور 26 سے زیادہ زخمی ہو گئے۔

یہ حملہ بلوچستان صوبے میں Noshki کے مقام پر N-40 شاہراہ پر رکشانی مل علاقے میں کیا گیا۔ حملے کے بعد، اسپتالوں میں ایمرجنسی اقدامات نافذ کردئے گئے اور ایمبولیس گاڑیوں کو FC ہیڈ کوارٹرس کی جانب اور وہاں سے آتے ہوئے دیکھا گیا۔ بلوچ لبریشن آرمی BLA- نے اس فوجی قافلے پر جان لیوا حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے۔×

## US - Tornado

امریکہ کی کئی ریاستوں میں آئے شدید آندھی طوفان سے کم از کم 26 افراد ہلاک ہو گئے۔ اس آندھی طوفان سے کئی ریاستوں میں بہت سے اسکول تہس نہس ہو گئے اور سیمی۔ٹریکٹر۔ٹریلرس اُلٹ پلٹ گئے۔ Missouri ریاست میں سب سے زیادہ جانی نقصان ہوا۔ وہاں کم از کم 12 افراد ہلاک ہوئے۔

Arkansas میں عہدیداروں نے بتایا ہے کہ Independence کاؤنٹی میں 3 افراد کی جان گئی ہے اور دوسری 8 کاؤنٹیز میں دیگر 29 افراد زخمی ہوئے ہیں۔

اس شدید آندھی طوفان کے دوران جان لیوا دھول بھری آندھیاں چلیں اور جنگلوں میں آگ لگنے کے ایک سو سے زیادہ واقعات کی خبر ملی ہے۔×

## US - Yemen Strike

کل یمن کی راجدھانی صنعاء میں ایران سے منسلک حوثیوں کو نشانہ بنا کر کئے گئے امریکی ہوائی حملوں میں کم از کم 24 افراد ہلاک ہو گئے۔ حوثیوں سے منسلک میڈیا نے خبر دی ہے کہ امریکی حملوں سے Saada کے Kahza خطے میں 11 افراد ہلاک ہوئے، جبکہ راجدھانی صنعاء میں مزید 13 افراد ہلاک ہوئے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کے صدر کی حیثیت سے عہدہ سنبھالنے کے بعد،

مغربی ایشیا میں یہ امریکہ کی سب سے بڑی فوجی کارروائی ہے۔ حوثیوں کی جانب سے بحیرۂ احمر میں اسرائیل سے منسلک بحری جہازوں پر پھر سے حملے شروع کرنے کی دھمکی کے بعد، یہ حملے کئے گئے ہیں۔×

## Hockey India Awards

پرسار بھارتی کو نئی دلّی میں منعقدہ ساتویں سالانہ ایوارڈس 2024- میں، ہاکی انڈیا Jaman لال شرما ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ پرسار بھارتی کو 2024 میں اس کے گراں قدر تعاون اور پورے ملک میں ہاکی کو فروغ دینے اور اس کے نشریات میں اس کی انتھک کوششوں کیلئے اس باوقار ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا ہے۔

تقریب کے دوران، ہاکی انڈیا نے 1975 میں ورلڈ کپ جیتنے والی ہاکی ٹیم کے ارکان کو ہاکی انڈیا میجر دھیان چند لائف اچیومنٹ ایوارڈ کے ساتھ۔ساتھ 50 لاکھ روپے کے نقد انعام بھی دئے گئے۔

*S/B - Navneet Sehgal*

اعلیٰ ترین اعزازات میں، خواتین اور مردوں کے زمرے میں، سویتا پونیا اور ہرمن پریت سنگھ کو سال 2024 کے بہترین کھلاڑی کے طور پر ہاکی انڈیا بلبیر سنگھ سینئر ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا۔

ان کے علاوہ بنیادی سطح پر ہاکی کو فروغ دینے میں تعاون کیلئے 8 ریاستوں کو بھی ایوارڈ دئے گئے۔×

## Ramakanta Rath Passed Away

اُڑیا ادب کے انتہائی معروف ترقی پسند شاعروں میں سے ایک پدم وِبھوشن رماکانت رتھ کا آج صبح بھوونیشور میں 91 سال کی عمر میں انتقال ہو گیا۔ اُن کے انتقال سے ادبی دنیا میں ایک گہرا سوگ چھا گیا ہے اور اُڑیا ادب میں ایک دور کا خاتمہ ہو گیا ہے۔

1957 بیچ کے IPS افسر رماکانت رتھ نے اڈیشہ کے چیف سکریٹری کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دی تھیں اور وہ مرکزی حکومت میں بہت سے کلیدی عہدوں پر فائز رہے۔ ادب میں اُن کی غیر معمولی خدمات کیلئے انھیں 2006 میں بھارت کے

تیسرے اعلیٰ ترین سویلین ایوارڈ پدم وِبھوشن سے سرفراز کیا گیا تھا۔ رماکانت رَتھ کی آخری رسوم کل پوری کے SwargaDwar میں ادا کی جائیں گی۔

اڈیشہ کے وزیرِاعلیٰ موہن چرن مانجھی نے رماکانت رتھ کے انتقال پر گہری تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ انھوں نے قومی اور بین الاقوامی سطح پر اڑیا ادب کو ایک نئی شناخت دی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆